He will be eating.	وہ کھا رہا ہوگا	They will be eating	وہ کھا رہے ہونگے

FUTURE PERFECT (فیوچر پرفیکٹ) = مستقبل تمام۔

قاعدہ:- Past Participle سے پہلے will have یا shall have کی گردان لگا دیتے ہیں۔

I shall have read	میں پڑھ چکا ہونگا	Weshallhave read	ہم پڑھ چکے ہونگے
He will have sung	وہ گا چکا ہوگا	They will have gone	وہ جا چکے ہونگے

FUTURE PERFECT CONTINUOUS (فیوچر پرفیکٹ کنٹی نیوُ اَس)

مستقبل مکمل جاری۔

قاعدہ:- امر کے آگے ing لگا کر اس سے پہلے will have been یا shall have been کی گردان لگا دیتے ہیں۔

I shall have been reading.	میں پڑھتا رہا ہوں گا۔
We shall have been playing.	ہم کھیلتے رہے ہوں گے۔
He will have been singing.	وہ گاتا رہا ہو گا۔
They will have been reading.	وہ پڑھتے رہے ہوں گے۔
You will have been calling.	تم پکارتے رہے ہو گے۔
I shall have been playing.	میں کھیلتا رہا ہوں گا۔
You will have been reading.	تم پڑھتے رہے ہو گے۔
We shall have been calling.	ہم پکارتے رہے ہوں گے۔

EXERCISE No. 4 ★ مشق ۴

زمانہ حال ــــ سادہ و جاری

PRESENT INDEFINITE & PRESENT CONTINUOUS

انگریزی جملے اور تلفظ	معنے
1. She weeps. شی وِیپس	۱۔ وہ روتی ہے
2. He is weeping. ہی اِز وِیپنگ	۲۔ وہ رو رہا ہے
3. He goes to school. ہی گوز ٹُو اِسکول	۳۔ وہ اسکول جاتا ہے۔
4. I am going to school. آئی ایم گوانگ ٹُو اِسکول	۴۔ میں اسکول جا رہا ہوں۔
5. They make a table. دے میک اے ٹےبل	۵۔ وہ ایک میز بناتے ہیں۔
6. I am making a chair. آئی ایم مےکنگ اے چےاَر	۶۔ میں ایک کرسی بنا رہا ہوں۔
7. You read a book. یُو رِیڈ اے بُک	۷۔ تم ایک کتاب پڑھتے ہو۔
8. She is reading a letter. شی اِز رِیڈنگ اے لیٹر	۸۔ وہ ایک خط پڑھ رہی ہے۔
9. He gives me a red lamp. ہی گیوز می اے رِڈ لیمپ	۹۔ وہ مجھے ایک سرخ لیمپ دیتا ہے۔
10. I am bringing a pen. آئی ایم برِنگنگ اے پین	۱۰۔ میں ایک قلم لا رہا ہوں۔
11. They are talking with him. دے آر ٹاکنگ وِدھ ہِم	۱۱۔ وہ اُس سے باتیں کر رہے ہیں۔
12. He comes here. ہی کمز ہیر	۱۲۔ وہ یہاں آتا ہے۔

انگریزی میں ترجمہ کرو:- (۱) وہ اسکول جاتا ہے (۲) میں ایک گھوڑا خرید رہا ہوں۔ (۳) تم اپنا سبق یاد کرتے ہو (۴) وہ میری سُرخ کتاب لا رہا ہے۔

Lesson No. 12 سبق ۱۲

الفاظِ تعریف و تنکیر

ARTICLES

وہ الفاظ جو اسم سے پہلے اُس کی حد مقرر کرنے کے لئے استعمال ہوں۔ "الفاظِ تعریف و تنکیر کہلاتے ہیں۔"

The. An. A الفاظِ تعریف و تنکیر یعنی Articles ہیں اِنھیں استعمال کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل قواعد کو سمجھنا ضروری ہے :-

(۱) A AN دونوں لفظ ONE (وَن) ایک کے معنوں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

(۲) A AN اسم کی خصوصیت ظاہر نہیں کرتے جیسے Bring a pen میں a سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ کوئی خاص قلم درکار ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ ایک قلم لاؤ۔ خواہ وہ کوئی سا قلم ہو۔ اسی طرح Give him an inkstand (اُسے ایک قلمدان دو) یعنی کوئی خاص قلمدان نہیں بلکہ کوئی سا بھی قلمدان۔

(۳) A AN کے استعمال سے پہلے اسم کا تلفظ اُردو میں کرکے دیکھ لینا چاہیئے۔ اگر شروع میں "ا" (الف) کی آواز پیدا ہوتی ہے تو اس اسم سے پہلے An اور جن اسموں کے شروع میں "ا" (الف) کی بجائے کسی اور حرف کی آواز پیدا ہو تو A کا استعمال کرنا چاہیئے۔ غور کریں :-

ایک ہاتھی (اَین اِلی فینٹ) An elephant ایک آم (اے مینگو) A mango

ایک گھنٹہ (اَین آوَر) An hour ایک جماعت (اے یُونیَن) A Union

(۴) THE اسم کی خصوصیت ظاہر کرتا ہے لیکن یہ ہمیشہ اسم نکرہ سے پہلے آتا ہے۔ اسم معرفہ سے پہلے ہرگز نہیں جیسے I live in the Karachi غلط ہے چونکہ Karachi اسم معرفہ ہے اور اس سے پہلے the لکھا گیا ہے اگر اسے I live in Karachi لکھا جائے تو صحیح ہو جائیگا (۲) "کتے کو دیکھو" یعنی کسی خاص کتے کو لہٰذا See the dog کہیں گے۔ اگر کہا جائے کہ "ایک کتے کو دیکھو" تو See a dog ترجمہ کیا جائے گا۔

(۵) جو اسم گنا نہ جائے اس سے پہلے آرٹیکل استعمال نہیں ہوتا Gold is heavy "سونا بھاری ہوتا ہے"۔ اِس جملہ میں "سونا" گنا نہیں جا سکتا لہٰذا اس سے پہلے آرٹیکل نہیں لکھا گیا۔

(۶) وہ اسم نکرہ جو اپنی جنس یا قسم سے مراد رکھتے ہوں اُن سے پہلے بھی آرٹیکل نہیں آتا۔ جیسے پرندے اڑا کرتے ہیں۔ Birds fly

EXERCISE No. 5 ★ مشق ۵

ماضی مطلق و ماضی مطلق جاری

PAST INDEFINITE & PAST CONTINUOUS

Kill	کِل	مارنا	Laugh	لَاف	ہنسنا
Learn	لَرن	یاد کرنا	Live	لِو	رہنا
Elephant	ایلی فینٹ	ہاتھی	Fruit	فروٹ	پھل

1. I killed a dog. آئی کِلڈ اے ڈوگ
   ۱۔ میں نے ایک کتے کو مارا
2. He gave him his book. ہی گیو ہم ہِز بُک
   ۲۔ اُس نے اُس کی کتاب دے دی۔
3. You were talking with him. یُو وَر ٹاکنگ وِدھ ہم
   ۳۔ تم اس کے ساتھ بات کر رہے تھے۔
4. He saw a lion and an elephant. ہی سَا اے لائن اینڈ این ایلی فینٹ
   ۴۔ اُس نے ایک شیر اور ایک ہاتھی دیکھا۔
5. You were laughing in the room. یُو وَر لافنگ اِن دی رُوم
   ۵۔ تم کمرہ میں ہنس رہے تھے۔
6. He himself came here. ہی ہِم سیلف کیم ہی اَر
   ۶۔ وہ خود یہاں آیا تھا۔
7. Hamid was living in Multan. حامد وَاز لِوِنگ اِن مُلتان
   ۷۔ حامد ملتان میں رہ رہا تھا۔
8. I myself went to his house. آئی مائی سیلف وینٹ ٹُو ہِز ہاؤس
   ۸۔ میں خود اُس کے گھر گیا تھا۔
9. She was learning her lesson. شی وَاز لَرنِنگ ہَر لَے سَن
   ۹۔ وہ اپنا سبق یاد کر رہی تھی۔
10. Jamil was eating his own fruits. جمیل واز ایٹنگ ہِز اون فروٹس
   ۱۰۔ جمیل اپنے ہی پھل کھا رہا تھا۔

انگریزی میں ترجمہ کرو:- (۱) کل وہ رُو رہا تھا (۲) میں خود اُس کی کتاب لایا تھا (۳) وہ اسکول جا رہا تھا (۴) اُنہوں نے ایک مچھلی دیکھی تھی (۵) وہ مچھلی کھا رہا تھا (۶) میں حامد سے باتیں کر رہا تھا (۷) تم نے لیمپ روشن کیا تھا (۸) وہ ہنس رہا تھا۔

Lesson No. 13 — سبق ۱۳ — حرفِ جار

PREPOSITION

حروف جار فقرے میں لفظوں کا آپس میں تعلق ظاہر کرتے ہیں۔ ذیل میں وہ حروف جار دیئے گئے ہیں جن میں سے کوئی نہ کوئی حرف اُس جملہ میں ضروری استعمال کیا جاتا ہے جس کا فعل متعدی ہو لہٰذا ان کو زبانی یاد کرلیں۔

الفاظ	تلفظ	معنے	الفاظ	تلفظ	معنے
About	اَیبا ؤٹ	تقریباً۔ بابت	On	اَون	پر
Above	اَیباوٗ	اُوپر کی طرف	Round	رَاؤنڈ	گِرد
After	آف ٹَر	پیچھے	Through	تھرو	درمیان۔ میں سے
Against	اَگینسٹ	برخلاف	Till	ٹِل	تک
Among	اَیمنگ	درمیان	To	ٹو	کو
At	اَیٹ	پر	Towards	ٹُوَرڈس	طرف
Before	بی فور	پہلے	Under	اَن ڈَر	نیچے
Below	بِلو	نیچے	Up	اَپ	اُوپر
Beside	بسَائڈ	قریب	With	وِدھ	ساتھ
Between	بٹ وین	درمیان	Within	وِدھ اِن	اندر
Beyond	بی اَونڈ	پَرے	Without	وِدھ آؤٹ	بغیر
By	بَائی	قریب			
During	ڈیُورِنگ	عرصہ میں			
Except	اَیکس سیپٹ	سوائے			
For	فور	واسطے			
From	فِروم	سے			
Into	اِن ٹو	میں۔ اندر			
Near	نِی اَر	قریب			
Of	اَوف	کا۔ کی۔ کے			

Between اور Among دونوں کے معنے "درمیان" کے ہیں۔ اِن کے استعمال کا فرق ذہن میں رکھنا چاہیئے (۱) جب دو کے درمیان کا مقصد ہو تو Between اور (۲) جب دو سے زائد کے درمیان کا مقصد ہو تو Among استعمال کرنا چاہیئے

EXERCISE No. 6 ★ مشق ع ۶

مستقبل سادہ و جاری

FUTURE INDEFINITE & CONTINUOUS

1. I shall go to Rawalpindi. رَاولپنڈی ٹُو گو شَیل آئی	۱- میں راولپنڈی جاؤں گا۔
2. I shall be singing a song. سَونگ اے سِنگنگ بی شَیل آئی	۲- میں ایک گیت گارہا ہوں گا۔
3. He will bring a cow for me. می فَور کاؤ اے برِنگ وِل ہی	۳- وہ میرے لئے ایک گائے لائے گا۔
4. She will be boiling some eggs. ایگس سَم بُوآئے لِنگ بی وِل شی	۴- وہ کچھ انڈے اُبال رہی ہو گی۔
5. She will come here with her son. سَن ہَر وِدھ ہی اَر کَم وِل شی	۵- وہ یہاں اپنے بیٹے کے ساتھ آئے گی۔
6. Qasim will be playing in the ground گراؤنڈ دی اِن پلے اِنگ بی وِل قاسم	۶- قاسم میدان میں کھیل رہا ہوگا۔
7. I shall write a letter to you. یُو ٹُو لیٹر اے رَائٹ شیل آئی	۷- میں تم کو ایک خط لکھوں گا۔
8. You will be talking with him. ہِم وِدھ ٹاکنگ بی وِل یُو	۸- تم اس کے ساتھ بات کررہے ہوگے۔
9. They will bring his toys on Friday. فرائی ڈے اَون ٹوآئز ہِز برِنگ وِل دِے	۹- وہ اس کے کھلونے جمعہ کو لائیں گے۔
10. They will be doing their own work. وَرک اَون دِےاَر ڈُوانگ بی وِل دِے	۱۰- وہ اپنا ہی کام کررہے ہوں گے۔
11. Jamila will learn her lesson well. وَیل لیسَن ہَر لَرن وِل جمیلہ	۱۱- جمیلہ اپنا سبق خوب یاد کرے گی۔

انگریزی میں ترجمہ کرو:- (۱) وہ دودھ پی رہا ہوگا (۲) میں اس کی کتابیں لاؤں گا (۳) تم مجھے خط لکھ رہے ہوگے (۴) وہ تمہارے لئے بلی لائے گا (۵) ہم کمرے میں ہنس رہے ہوں گے۔

EXERCISE No. 7 ★ مشق ۷

حال، ماضی اور مستقبل (تمام ـــــ تمام و جاری)

PRESENT — PAST — & — FUTURE
PERFECT & PERFECT CONTINUOUS TENSE

فقرے اور تلفظ	معنے
1. I have read a book. بُک اے رِیڈ ہیو آئی	۱۔ میں ایک کتاب پڑھ چکا ہوں۔
2. I had gone to his house. ہاؤس ہِز ٹُو گون ہیڈ آئی	۲۔ میں اُس کے گھر جا چکا تھا۔
3. I shall have written a letter. لیٹر اے رِٹن ہیو شیل آئی	۳۔ میں ایک خط لکھ چکا ہوں گا۔
4. Salma has been reading a book. بُک اے ریڈنگ بین ہیز سلمہ	۴۔ سلمہ ایک کتاب پڑھتی رہی ہے۔
5. Aziz had been playing in the ground. گراؤنڈ دی اِن پلے اِنگ بین ہیڈ عزیز	۵۔ عزیز میدان میں کھیلتا رہا تھا۔
6. Shahid will have been talking. ٹوکنگ بین ہیو وِل شاہد	۶۔ شاہد باتیں کرتا رہا ہو گا۔
7. He has stolen your pen-knife. نائف پن یور اسٹولن ہیز ہی	۷۔ وہ تمہارا چاقو چُرا چکا ہے۔
8. He had stolen a white horse. ہورس وہائٹ اے اسٹولن ہیڈ ہی	۸۔ وہ ایک سفید گھوڑا چُرا چکا تھا۔
9. He will have stolen a black pen. پن بلیک اے اسٹولن ہیو وِل ہی	۹۔ وہ ایک کالا قلم چُرا چکا ہو گا۔
10. You have written a letter to him. ہِم ٹُو لیٹر اے رِٹن ہیو یُو	۱۰۔ تم اُس کو ایک خط لکھ چکے ہو۔
11. We have slept. وی ہیو سلیپٹ	۱۱۔ ہم سو چکے ہیں۔

Lesson No. 14 | افعال معاون | سبق ۱۴

AUXILIARY VERBS

مندرجہ ذیل افعال، افعالِ معاون کہلاتے ہیں جو جملہ یا فقرے میں اصل فعل Principle Verb کے مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

فعل	تلفظ	معنے	فعل	تلفظ	معنے
Be	بی	ہونا	Have	ہیو	رکھنا
Do	ڈو	کرنا	May	مے	سکنا
Can	کین	سکنا	Must	مسٹ	ضرور
Shall	شیل	گا۔گی۔گے	Will	ول	گا۔گی۔گے

INTERROGATIVE SENTENCES سوالیہ فقرے

فقرے میں فعلِ معاون ہمیشہ اصل فعل سے پہلے آتا ہے جیسے .He will read میں will اصل فعل read سے پہلے آیا ہے۔ اور اصل امر کی صورت میں ہوتا ہے جب فعل To be فعلِ معاون ہو تو اس کے ساتھ پریذینٹ اور پاسٹ پارٹیسپل آتے ہیں لیکن فعل Have کے ساتھ ہمیشہ پاسٹ پارٹیسپل آتا ہے۔

سوالیہ فقرہ بنانے کے لئے فعلِ معاون کو فاعل سے پہلے لے آتے ہیں جیسے :-

He will go to Lahore. وہ لاہور جائے گا (غیر سوالیہ)

Will he go to Lahore? کیا وہ لاہور جائے گا؟ (سوالیہ)

You will read a book. تم ایک کتاب پڑھو گے (غیر سوالیہ)

Will you read a book? کیا تم ایک کتاب پڑھو گے (سوالیہ)

اگر جملہ میں فعلِ معاون نہ ہو تو حال میں فاعل سے پہلے Do لگاتے ہیں۔ جس طرح I read (میں پڑھتا ہوں) سے .Do I read (کیا میں پڑھتا ہوں؟) واحد غائب میں Do کی جگہ Does لگاتے ہیں جیسے ?Does he read (کیا وہ پڑھتا ہے) اور ماضی میں تمام صیغوں میں فاعل سے پہلے did لگا دیتے ہیں جیسے ? Did he read (کیا اُس نے پڑھا؟)

وہ الفاظ جن سے خود سوالیہ معنے ظاہر ہوں فعلِ معاون سے بھی پہلے آتے ہیں :-

جیسے who (ہُو) = کون ۔ which (وِہِچ) کونسی ۔ when (وِہِیں) = کب وغیرہ ۔
Who will read this book ?............یہ کتاب کون پڑھے گا ؟
Which pen do you like ?............تم کو کون سا قلم پسند ہے ؟
When will he come here ?..........وہ یہاں کب آئے گا ؟

اگر جملوں میں فعل معاون نہ ہو اور اصل فعل be اور have کے صیغوں سے متعلق ہوں تو فاعل سے پہلے do یا did لگانے کی بجائے اصل فعل ہی لکھ دینا چاہیئے۔ جیسے
Is he ? سے He is. اور Have I a book ? سے I have a book.

انکاریہ فقرہ بنانا ہو تو لفظ NOT کو فعل معاون اور اصل فعل کے درمیان لکھ دینا چاہیئے جیسے I shall play سے I shall not play. اور اگر جملہ میں فعل معاون نہ ہو تو فاعل کے بعد do not لگا دیتے ہیں اور واحد غائب کے صیغے میں does not لگانا چاہیئے اور ماضی میں did not جیسا کہ مندرجہ ذیل جملوں سے ظاہر ہے۔

I go to school. .... I do not go to school.
You went to school.... You did not go to school.
He reads your book. .. He does not read your book

MAY ♣ CAN

May سے اجازت کے معنے ظاہر ہوتے ہیں جیسے May I come in? (کیا میں اندر آسکتا ہوں) مطلب یہ ہے "کیا اجازت ہے کہ میں اندر آجاؤں"۔
He may go. وہ جا سکتا ہے یعنی اُسے اجازت ہے کہ وہ چلا جائے۔
Can کے معنی بھی "سکنا" کے ہیں لیکن اِس کے استعمال سے فاعل اپنے فعل کی پختگی ظاہر کرتا ہے جیسے I can run fast. (میں تیز دوڑ سکتا ہوں) I can do. (میں کر سکتا ہوں)

SINCE (سِنس) اور FOR (فور)

دونوں "سے" کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ جب کسی کام کے کرنے کا وقت معلوم ہو تو "سے" کا ترجمہ Since سے کرنا چاہیئے جیسے :-

I have been reading since nine O'clock.

اگر وقت نہ بتایا گیا ہو تو "سے" کا ترجمہ for سے کرنا چاہیئے۔

He has been playing for three hours.

EXERCISE No. 8 ★ مشق ۸

فقرے اور تلفظ	معنے
1. May I write a letter to him ? ہِم ٹُو لیٹَر اے رائٹ آئی مے	۱۔کیا میں اسے ایک خط لکھ سکتا ہوں ؟
2. Did he light the lamp yesterday ? یس ٹرڈے لیمپ دِی لائٹ ہی ڈِڈ	۲۔کیا کل اُس نے چراغ روشن کیا تھا ؟
3. Shall I take your stick ? اِسٹک یُور ٹیک آئی شیل	۳۔کیا میں تمہاری چھڑی لے لوں ؟
4. Will you learn your lesson ? لے سَن یور لَرن یُو وِل	۴۔کیا تم اپنا سبق یاد کرو گے ؟
5. I do not know the name of his son. سَن ہز اُوف نیم دِی نو نوٹ ڈُو آئی	۵۔میں اس کے بیٹے کا نام نہیں جانتا۔
6. He has been reading since the noon. نُون دِی سِنس ریڈنگ بین ہیز ہی	۶۔وہ دوپہر سے پڑھتا رہا ہے۔
7. Have you seen my new Chair ? چیئر نیو مائی سین یُو ہیو	۷۔کیا تم نے میری نئی کرسی دیکھ لی ؟
8. You had been playing for two hours آورس ٹُو فور پلے اِنگ بین ہیڈ یو	۸۔تم دو گھنٹے سے کھیلتے رہے ہو۔
9. Did you not bring the carpet ? کارپیٹ دِی برنگ نوٹ یُو ڈِڈ	۹۔کیا تم قالین نہیں لائے تھے ؟
10. Have they drunk all the milk ? مِلک دی آل ڈرنک دے ہیو	۱۰۔کیا وہ تمام دودھ پی چکے ہیں ؟

مندرجہ ذیل جملوں کا انگریزی میں ترجمہ کرو۔

(۱) وہ تم کو دیکھ چکا ہے۔ (۲) کیا میں گھر جا سکتا ہوں ؟ (۳) وہ صبح سے اپنا سبق یاد کرتا رہا ہے۔ (۴) کیا تم دودھ پی چکے ہو ؟ (۵) میں اس کے گھر جا رہا ہوں گا (۶) اُس نے میری کتاب مجھ کو نہیں دی (۷) وہ ایک بجے سے گاتی رہی ہے (۸) میں ہر روز اسکول جاتا رہا تھا۔

Lesson No.15 سبق ۱۵

صفت

ADJECTIVE

وہ لفظ جو اسم یا اسم ضمیر کی تعریف کرے صفت Adjective (ایڈجیکٹو) کہلاتا ہے جیسے "ایک اچھا آدمی" میں اچھا صفت ہے اور "وہ سرخ تھا" میں سرخ صفت ہے۔ اردو جملے میں اگر صفت اسم سے پہلے ہے تو انگریزی میں بھی پہلے ہی آئے گی اور اگر بعد میں ہے تو انگریزی میں بھی بعد میں آئے گی جیسے "ناصر ایک اچھا لڑکا ہے"۔ Nasir is a good boy.
اور "ایک سرخ گھوڑا دوڑا"۔ A red horse ran. وغیرہ۔
That, These, This صفت اشارہ کہلاتے ہیں۔ یاد رکھنا چاہیئے کہ صفت اشارہ سے پہلے Article استعمال نہیں کیا جاتا مثلاً۔ "وہ آدمی میرا بھائی ہے"۔ That man is my brother. میں that صفت اشارہ ہے اور اس سے پہلے آرٹیکل نہیں لکھا گیا۔ اسی طرح مندرجہ ذیل الفاظ جب بطور صفت کے استعمال کئے جاتے ہیں تو ان سے پہلے بھی آرٹیکل استعمال نہیں کیا جاتا۔

Some	سَم	بعض۔ کچھ	Any	اِنی	کوئی
Many	مے نی	بہت سے	Most	مُوسٹ	اکثر
More	مور	زیادہ	No	نُو	کوئی نہیں
Several	سیوَرل	کئی	Every	اِے وَری	ہر ایک

فقرے میں آرٹیکل صفت سے پہلے آتا ہے جیسے "وہ ایک بہادر آدمی ہے" He is a brave man میں brave (بریو) = بہادر صفت ہے جو noun (اسم) سے پہلے آئی ہے اور آرٹیکل a صفت سے بھی پہلے ہمیشہ اس قاعدہ کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔
صفت کے تین مندرجہ ذیل درجے ہیں:۔
Positive Degree (پوزِٹیو ڈگری) ایسی صفت جس میں کسی سے مقابلہ نہ ہو۔
He is brave. (وہ بہادر ہے) اس جملہ میں صرف اسم ضمیر کو بہادر بتایا گیا ہے۔ اس کی بہادری کا کسی سے مقابلہ نہیں کیا گیا۔ لیکن جس صفت میں ایک کی صفت کا دوسرے کی صفت سے مقابلہ کیا جائے تو وہ Comparative Degree کمپیرِیٹو ڈگری کہلاتی ہے۔ جیسے "وہ خلیل سے بہادر ہے" اور اگر ایک کی صفت کا دوسے زیادہ اشخاص سے مقابلہ کیا جائے

تو وہ Superlative Degree (سُپرلے ٹِو ڈگری) کہلاتی ہے جیسے وہ سب سے بہادر ہے
صفت کے اِن تینوں درجوں کے اعتبار سے ہر ایک صفت کے مختلف الفاظ ہوتے ہیں جیسے
Brave سے Braver اور Bravest ذیل میں ایسے ہی الفاظ درج کئے جا رہے ہیں
انھیں زبانی یاد رکھنا چاہیئے تاکہ ترجمہ کرنے میں غلطی نہ ہو۔

Positive	تلفظ	معنے	Comparative	Superlative
Bad	بَیڈ	بُرا	Worse .... وَرس	Worst .... وَرسٹ
Far	فَار	دُور	Farther .... فَارذَر	Farthest ...... فَارذِیسٹ
Much	مچ	زیادہ	More ..... مور	Most .... موسٹ
Good	گڈ	اچھا	Better ..... بےٹَر	Best .... بیسٹ
Old	اُولڈ	پرانا	Older ..... اُولڈَر	Oldest ...... اولڈیسٹ
Old	اُولڈ	بوڑھا	Elder ..... ایلڈَر	Eldest .... ایلڈِیسٹ
Late	لیٹ	دیر	Later .... لیٹَر	Latest ...... لیٹیسٹ
Late	لیٹ	آگے	Latter .... لَیٹَر	Last ...... لاسٹ
Little	لِٹل	تھوڑا	Less .... لَیس	Least ...... لِیسٹ
Many	مےنی	بہت	More .... مور	Most ...... موسٹ
In	اِن	اندر	Inner .... اِنَر	Inmost ...... اِن موسٹ
Up	اَپ	اوپر	Upper .... اَپَر	Uppermost . اَپَرموسٹ

مندرجہ ذیل صفات کے لئے Comparative اور Superlative ڈگری
کے الفاظ نہیں ہوتے اور نہ ضرورت پیش آتی ہے۔

Round	راؤنڈ	گول	Square	اسکوایَر	مربع
Circular	سَرکلر	گول	First	فَرسٹ	پہلا
Second	سیکینڈ	دوسرا	Some	سَم	بعض
Enough	اِنَف	کافی	Half	ہاف	نصف
None	نَن	کوئی نہیں	Alone	اِلے لون	تنہا
Sole	سول	تنہا	Any	اِےنی	کوئی
Milky	ملکی	دُودھیا	Triple	ٹرِپل	سہ گنا

Positive		معنے	Comparative		Superlative	
Brave	بریو	بہادر	Braver	بریور	Bravest	بریوسٹ
Fine	فائن	عمدہ	Finer	فائنر	Finest	فائنیسٹ
White	وہائٹ	سفید	Whiter	وھائیٹر	Whitest	وہائیٹسٹ
Large	لارج	بڑا	Larger	لارجر	Largest	لارجسٹ
Wise	وائز	عقلمند	Wiser	وائزر	Wisest	وائزیسٹ
Tall	ٹال	لمبا	Taller	ٹولر	Tallest	ٹولیسٹ
Bold	بولڈ	دلیر	Bolder	بولڈر	Boldest	بولڈسٹ
Young	ینگ	جوان	Younger	ینگر	Youngest	ینگیسٹ
Great	گریٹ	بڑا	Greater	گریٹر	Greatest	گریٹیسٹ
Big	بگ	بڑا	Bigger	بگر	Biggest	بگیسٹ
Hot	ہوٹ	گرم	Hotter	ہوٹر	Hottest	ہوٹیسٹ
Sad	سیڈ	رنجیدہ	Sadder	سیڈر	Saddest	سیڈیسٹ

مندرجہ ذیل Adjective کے شروع میں more لگانے سے Comparative اور most لگانے سے Superlative ڈگری بن جاتی ہے مثلاً Difficult مشکل سے More difficult بہت مشکل اور most difficult بہت ہی مشکل۔

Splendid	اسپلینڈڈ	پُرتکلف	Beautiful	بیوٹی فل	خوبصورت
Proper	پروپر	معقول	Learned	لرنڈ	دانا

قاعدہ :- اگر کوئی صفت دو شخصوں میں برابر پائی جائے تو as استعمال کریں۔ مثلاً

He is as brave as his brother. وہ اتنا ہی بہادر ہے جتنا کہ اس کا بھائی

لیکن جب دو شخصوں میں مقابلہ کیا جائے تو Comparative degree کے بعد لفظ Than استعمال کیا جاتا ہے جیسے He is braver than his brother. (وہ اپنے بھائی سے زیادہ بہادر ہے)

Superlative Degree کے آخر میں عموماً لفظ In آتا ہے جیسے (وہ اپنے شہر میں سب سے زیادہ بہادر آدمی ہے He is brevest man in his city. ۔ کمپیریٹو اور سپرلیٹیو ڈگری جب چھانٹ لینے کے معنوں میں ہو تو آخر میں لفظ of آتا ہے۔

(i) He is braver boy of the two. دونوں میں وہ زیادہ بہادر لڑکا ہے۔

EXERCISE No. 9 ★ مشق ۹

فقرے اور تلفظ	معنے
1. When will he buy a white shirt ? شرٹ وہائٹ اے بائی ہی وِل وھین	۱۔ وہ ایک سفید قمیص کب خریدے گا؟
2. Jamil has sold his red cow. کاؤ رِڈ ہز سولڈ ہیز جمیل	۲۔ جمیل نے اپنی سرخ گائے فروخت کر دی۔
3. I myself have given him the pen. پن دِی ہم گیون ہیو مائی سیلف آئی	۳۔ میں نے خود اُسے قلم دیا ہے۔
4. We did not see the new book. بُک نیو دِی سی نوٹ ڈِڈ وِی	۴۔ ہم نے نئی کتاب نہیں دیکھی۔
5. Have you drunk the hot tea ? ٹی ہوٹ دِی ڈرنک یُو ہیو	۵۔ کیا تم گرم چائے پی چکے ہو؟
6. You are as bold as your father. فادر یور ایز بولڈ ایز آر یو	۶۔ تم اتنے ہی دلیر ہو جتنا کہ تمہارے والد
7. Zakir is the tallest boy in the room. رُوم دِی اِن بوائے ٹولیسٹ دِی اِز ذاکر	۷۔ ذاکر کمرے میں سب سے لمبا لڑکا ہے۔
8. Yasmin is claverer than Jamila. جمیلہ دین کلیورر اِز یاسمین	۸۔ یاسمین جمیلہ سے زیادہ چالاک ہے۔
9. She is the best girl of her class. کلاس ہر اوف گرل بیسٹ دِی اِز شی	۹۔ وہ اپنی جماعت کی سب سے اچھی لڑکی ہے۔
10. This lesson is most difficult. ڈِفیکلٹ موسٹ اِز لیسن دِس	۱۰۔ یہ سبق بہت ہی مشکل ہے۔
11. I gave him a pen of a finest quality. کوالیٹی فائینسٹ اے اوف پن اے ہم گیو آئی	۱۱۔ میں نے اسے ایک بہت ہی عمدہ قسم کا قلم دیا۔

ترجمہ کرو:- وہ اتنی ہی عقلمند ہے جتنا کہ اس کا بھائی (۲) کامل عاقل سے زیادہ چالاک ہے۔
(۳) وہ گھر میں سب سے زیادہ اُداس ہے (۴) وہ بہت زیادہ خوبصورت ہے۔

Lesson No. 16 — سبق ۱۶

طورِ مجہول و معروف

ACTIVE & PASSIVE VOICE

اگر فاعل کا فعل ظاہر ہو تو معروف یا Active Voice کہلاتا ہے۔ اور اگر فعل کا اثر مفعول پر ہے تو وہ مجہول Passive Voice کہلائے گا۔

1. I called him. ۱۔ میں نے اُسے پکارا (آئی کولڈ ہم)
2. He was called by me. ۲۔ وہ مجھ سے پکارا گیا۔ (ہی واز کولڈ بائی می)

مندرجہ بالا جملوں میں پہلا جملہ معروف اور دوسرا مجہول ہے:-

قاعدہ:- جس فعل سے فعل مجہول بنانا ہو اس کا اسم مفعول Participle لے کر فعل Be کا وہی صیغہ بنا کر لگا دو جو صیغہ بنانا منظور ہو۔ "تم سکھائے گئے ہو" کی انگریزی بنانے سے پہلے دیکھ لیا کہ اس کا صیغہ کون سا ہے معلوم ہوا کہ یہ پریذینٹ پرفیکٹ ٹینس کا صیغہ ہے اور Teach (سکھانا) کا Participle ہے Taught (ٹوٹ) لہٰذا اس سے پہلے فعل Be کا واحد مخاطب کا پریذینٹ پرفیکٹ ٹینس کا صیغہ لگا دیا have been taught اور جملہ کو اس طرح مکمل کر لیا You have been taught یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ "سے" کا ترجمہ لفظ By سے کرنا چاہیئے۔ اگر یہ جملہ اس طرح ہوتا کہ "تم اصغر سے سکھائے گئے ہو۔" تو اس کا ترجمہ یوں ہوتا۔ .You have been taught by Asghar

ذیل میں Participle سے پہلے فعل Be کے جو اجزاء لگا کر تمام Tenses کی گردان کی گئی ہے اُسے ذہن نشین کر لیں اور مجہول فقروں کا بنانا سیکھ لیں۔

PRESENT INDEFINITE (PASSIVE VOICE)

(صیغہ) متکلم	(صیغہ) حاضر	(صیغہ) غائب
We are laughed. ہم ہنسائے جاتے ہیں	You are laughed. تم ہنسائے جاتے ہو	They are laughed. وہ ہنسائے جاتے ہیں
I am laughed. میں ہنسایا جاتا ہوں	Thou art laughed تو ہنسایا جاتا ہے	He is laughed. وہ ہنسایا جاتا ہے

اسی طرح دوسرے verbs لے کر چھوٹے چھوٹے جملے بنا کر خوب مشق کرنی چاہیئے۔ افعال متعدی و لازمی سبق ۴ میں دیئے جا چکے ہیں۔ جملے بنانے میں اُن سے مدد ملے گی۔

PRESENT CONTINUOUS TENSE (PASSIVE VOICE)

1. We are being laughed. ہم ہنسائے جا رہے ہیں	I am being laughed. میں ہنسایا جا رہا ہوں
2. You are being laughed. تم ہنسائے جا رہے ہو	Thou art being laughed. تو ہنسایا جا رہا ہے
3. They are being laughed. وہ ہنسائے جا رہے ہیں	He is being laughed. وہ ہنسایا جا رہا ہے

PRESENT PERFECT TENSE (P. V.)

1. We have been laughed. ہم ہنسائے گئے ہیں	I have been laughed. میں ہنسایا گیا ہوں
2. You have been laughed. تم ہنسائے گئے ہو	Thou hast been laughed. تو ہنسایا گیا ہے
3. They have been laughed. وہ ہنسائے گئے ہیں	He has been laughed. وہ ہنسایا گیا ہے

PAST INDEFINITE TENSE (P. V.)

1. We were laughed. ہم ہنسائے گئے تھے	I was laughed. میں ہنسایا گیا تھا
2. You were laughed. تم ہنسائے گئے تھے	Thou wast laughed. تو ہنسایا گیا تھا
3. They were laughed. وہ ہنسائے گئے تھے	He was laughed. وہ ہنسایا گیا تھا

PAST CONTINUOUS TENSE (P. V.)

1. We were being laughed. ہم ہنسائے جا رہے تھے	I was being laughed. میں ہنسایا جا رہا تھا
2. You were being laughed. تم ہنسائے جا رہے تھے	Thou wast being laughed تو ہنسایا جا رہا تھا

3. They were being laughed وہ ہنسائے جارہے تھے	He was being laughed. وہ ہنسایا جارہا تھا

PAST PERFECT TENSE (Passive Voice)

1. We had been laughed. ہم ہنسائے جاچکے تھے	I had been laughed. میں ہنسایا جاچکا تھا
2. You had been laughed. تم ہنسائے جاچکے تھے	Thou hadst been laughed. توہنسایا جاچکا تھا
3. They had been laughed. وہ ہنسائے جاچکے تھے	He had been laughed. وہ ہنسایا جاچکا تھا

FUTURE INDEFINITE TENSE (P. V.)

1. We shall be laughed. ہم ہنسائے جائیں گے	I shall be laughed. میں ہنسایا جاؤں گا
2. You will be laughed. تم ہنسائے جاؤ گے	Thou wilt be laughed. توہنسایا جائے گا
3. They will be laughed. وہ ہنسائے جائیں گے	He will be laughed. وہ ہنسایا جائے گا

FUTURE CONTINUOUS TENSE (P. V.)

1. We shall be being laughed.	ہم ہنسائے جارہے ہوں گے ۔
2. They will be being laughed.	وہ ہنسائے جارہے ہوں گے ۔
3. I shall be being laughed.	میں ہنسایا جارہا ہوں گا۔
4. He will be being laughed.	وہ ہنسایا جارہا ہو گا۔

FUTURE PERFECT TENSE (P. V.)

1. We shall have been laughed.	ہم ہنسائے جاچکے ہوں گے۔
2. They will have been laughed.	وہ ہنسائے جاچکے ہوں گے۔
3. I shall have been laughed.	میں ہنسایا جاچکا ہوں گا ۔
4. He will have been laughed.	وہ ہنسایا جاچکا ہو گا۔

Lesson No. 17 — سبق ۱۷

حروفِ عطف

CONJUNCTION

وہ الفاظ جو لفظوں اور فقروں کے درمیان آ کر اُن کو ملادیں یا علیحدہ کر دیں یا کوئی شرط، علت یا نتیجہ ظاہر کریں حروفِ عطف یا Conjunction کہلاتے ہیں۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں Co-ordinate جو ہم مرتبہ فقروں کو ملاتے ہیں۔

So	سو	پس	Hence	ہینس	لہٰذا
Likewise	لائک وائز	نیز	But	بَٹ	لیکن
Also	اَول سو	بھی	Further	فَرذَر	مزید برآں
Moreover	موُر اووَر	مزید برآں	Still	اِسٹِل	اب بھی
Yet	ییٹ	تاہم	However	ہاؤ ایوَر	پھر بھی
Whether	وِھیذَر	کیا	Otherwise	اَذَر وائز	وَرنہ
Neither	نائیذَر	نہ تو	Either	آئیذَر	یا تو
Therefore	دیئر فور	تب	Accordingly	اکورڈنگ لی	چنانچہ

دوسرے حروفِ عطف Subordinate کہلاتے ہیں جو ماتحت فقرہ کو اعلیٰ فقرہ سے ملاتے ہیں

Although	اَول دوھ	اگرچہ	For	فورَ	کیونکہ
Except	ایکسیپٹ	سوائے	Because	بی کوز	کیونکہ
Though	دوھ	اگرچہ	Unless	اَن لیس	وگرنہ
If	اِف	اگر	Since	سِنس	اگر، چونکہ
Whereas	وِہیئر ایز	جبکہ	When	وِھین	جبکہ
After	آفٹر	بعد میں	So that	سو دیٹ	تاکہ
As	ایز	چونکہ	Both	بوتھ	دونوں

I shall neither read nor play. نہ میں پڑھوں گا نہ کھیلوں گا۔

Since you will not go, you shall not get the pen.

اگر تم نہیں جاؤ گے تو تم قلم بھی حاصل نہ کر سکو گے۔

Lesson No. 18

سبق ۱۸

ہیئت فعل

MOOD

طریقِ وقوعِ فعل کو مُوڈ کہتے ہیں اور مُوڈ چار مندرجہ ذیل قسم کے ہوتے ہیں :-

INDICATIVE MOOD (انڈی کے ٹیو مُوڈ) صورتِ بیان یا استفہام۔ یہ مُوڈ صرف کسی بات کا اقرار، انکار یا سوال ظاہر کرتا ہے جیساکہ مندرجہ ذیل جملوں سے ظاہر ہے۔

(1) He eats. (2) He does not eat. (3) Does he eat?

IMPERATIVE MOOD (اِم پَے رِے ٹیو مُوڈ) یعنی صورت امر۔ اِس مُوڈ سے حکم، مِنّت یا نصیحت کے معنے پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً

(1) Learn your lesson. (2) Let me drink the milk.

INFINITIVE MOOD (اِنْ فِنی ٹیو مُوڈ) یعنی صورتِ مصدری جس جملہ میں مصدر کا استعمال ہو (مصدر کی علامت لفظ سے پہلے To ہے جیسے To go (جانا)

She wished to sing اس کی گانے کی خواہش تھی

SUBJUNCTIVE MOOD (سَبْ جَنک ٹیو مُوڈ) یعنی فعل کی صورتِ شرطیہ

جیسے :- I shall give you a watch, if you come.

(اگر تم آئے تو میں تم کو ایک گھڑی دوں گا)

Indicative Mood اور Imperative mood کے تحت اب تک بہت سے جملے بنائے گئے ہیں۔ درسبتدی آسانی سے بنا سکتا ہے البتہ صورتِ مصدری اور صورتِ شرطیہ کے جملے بنانے کے متعلق قواعد گذشتہ کسی سبق میں نہیں دیئے گئے جو ذیل میں بیان کئے جا رہے ہیں۔

IMPERATIVE MOOD بنانے کے لئے یاد رکھنا چاہیئے کہ مصدر سے پہلے Have کے مختلف اجزا لگائے جاتے ہیں مثلاً :- مجھے سکھر جانا ہے .. I have to go to Sukkar

اگر ماضی میں عادت کے طور پر کوئی کام کیا جاتا رہا ہو تو فعل used مصدر سے پہلے آیا کرتا ہے۔

جیسے "میں ہر روز اُسکے گھر جایا کرتا تھا۔ I used to go to his house every day.

ایسے جملوں میں جیسے "میں نے اُسے لکھنا سکھایا" فعل کے بعد how لکھ کر مصدر لگا دیتے ہیں۔

I taught him how to write.

SUBJUNCTIVE MOOD

صورتِ شرطیہ انگریزی میں جزا پہلے اور شرط بعد میں آتی ہے جیسے" اگر وہ آیا تو میں اُسے ایک سبز پھول دوں گا۔" I shall give him a green flower, if he comes.

مستقبل کے معنوں میں جب ارادے کا مفہوم ہو تو would سے ترجمہ کرنا چاہیئے لیکن اگر آئندہ کے اتفاق کے معنے ہوں تو لفظ should سے ترجمہ کرنا چاہیئے۔

If he would go. اگر وہ جائے گا (مفہوم:۔ اگر اس کا جانے کا ارادہ ہے)

If he should go. اگر وہ جائے گا (مفہوم:۔ اگر اتفاق سے وہ جائے)

THE GERUND اسم مصدر

مندرجہ ذیل جملے پر غور کرو:۔

Swimming is a good habit. تیرنا ایک اچھی عادت ہے:۔

Swimming فعل Swim کے آگے ing کا اضافہ کرنے سے بنا ہے ایسے ہی Reading فعل Read کے آگے ing لگانے سے۔ لفظ تیرنا جملہ میں بطور فاعل مستعمل ہوا ہے اور فاعل Noun ہی ہوتا ہے لہٰذا وہ Nouns جو Verb سے بنتے ہیں GERUND کہلاتے ہیں۔ COMPOUND GERUND (کمپاؤنڈ جیرنڈز) Have اور be افعال کے جیرنڈ کے بعد Past Participle لگانے سے بنتے ہیں جیسے Having done (کرنے کے بعد) وغیرہ

مندرجہ ذیل فقروں کو غور سے پڑھنا چاہیئے تاکہ مندرجہ بالا قواعد سمجھ میں آسکیں۔

فقرے	معنے

1. Having read the book, I shall go out.

۱:۔ کتاب پڑھ لینے کے بعد میں باہر جاؤں گا۔

2. Having written a letter, he will sleep.

۲:۔ ایک خط لکھنے کے بعد وہ سو جائے گا۔

3. He will give me a bat, if I reach there.

۳:۔ اگر میں وہاں پہونچ جاؤں تو مجھے وہ ایک بلّا دے گا۔

Lesson No. 19 — سبق ۱۹

متعلق فعل

THE ADVERB

اسم Noun اوراسم ضمیر (PRONOUNS) کی تعریف کرنے والے الفاظ صفت
یا Adjective کہلاتے ہیں اور جو الفاظ اسم اور اسم ضمیر کے علاوہ یعنے Adjective, Verb
Preposition, Conjunction اور دوسرے Adverbs کی تعریف کریں وہ
ADVERB کہلاتے ہیں۔ "I am quite well." (میں بالکل اچھا ہوں) میں well
تعریف ہے۔ اسم ضمیر "I" کی لہٰذا یہ Adjective ہے quite (بالکل) تعریف کرتا ہے
well (اچھا) Adjective کی۔ لہٰذا یہ Adverb ہے۔
ADVERB کی سات اقسام ہیں جو تفصیل سے درج کی جارہی ہیں۔

1. AVERB OF TIME — لفظ "کب"؟ کا جواب دینے والے متعلق فعل

Before	بی فور	پہلے	Late	لیٹ	دیر
Now	ناؤ	اب	Ago	اے گو	گزرا
To-day	ٹوڈے	آج	Tomorrow	ٹومارو	کل آنے والا
Until	اَن ٹِل	جب تک	Yet	یٹ	اب تک
Always	اَولویز	ہمیشہ	Then	دین	پھر
Soon	سُون	جلدی	Never	نے وَر	کبھی نہیں
Often	اَوفن	اکثر	When	وھین	جب تک

2. ADVERBS OF NUMBER — "کتنی مرتبہ"؟ کا جواب دینے والے متعلق فعل

Twice	ٹوآئس	دوگنا	Again	اگین	دوبارہ
Once	وَنس	ایک مرتبہ	Frequently	فری کوانٹلی	اکثر
Seldom	سِل ڈم	کبھی کبھی	Firstly	فرسٹ لی	اوّلاً

3. ADVERBS OF PLACE. — لفظ "کہاں"؟ کے جواب میں آنیوالے متعلق فعل

Here	ہیئر	یہاں	There	دیئر	وہاں
Up	اَپ	اوپر	Everywhere	ایوری وھیر	ہر جگہ
In	اِن	اندر	Backward	بیک ورڈ	پیچھے کی طرف

Aside	اِسے سائیڈ	الگ	Down	ڈاؤن	نیچے
Within	وِدِن	اندر	Where	وھےاَر	جہاں

4. ADVERBS OF MANNER
"کیسے اور کس طرح؟" کا جواب دینے والے متعلق فعل

Clearly	کلیئرلی	صفائی سے	Well	وِیل	اچھی طرح
Hard	ہارڈ	سخت	Soundly	ساؤنڈلی	پوری طرح
Agreeably	اَگری ایبلی	خوشگواری سے	Sadly	سیڈلی	رنجیدگی سے
So	سو	ایسا	Thus	دَس	اس طرح

5. ADVERBS OF DEGREE OR QUANTITY
"کتنا۔ کس حد تک۔ کہاں تک؟" کا جواب دینے والے متعلق فعل

Quite	کوآئیٹ	بالکل	Nearly	نی اَرلی	تقریباً
Rather	رادَر	زیادہ تر	Very	وِیری	بہت
Too	ٹو	بہت	Almost	آول موسٹ	تقریباً
Fully	فُل لی	قطعی	Enough	اِنَف	کافی
Partly	پارٹ لی	کسی قدر	As	ایز	اتنا، جتنا

6. ADVERBS OF AFFIRMATION & NEGATION
وہ متعلق فعل جن سے یقین، شبہ، انکار یا تردید ظاہر ہو۔

Surely	شورلی	یقیناً	Certainly	سرٹین لی	قطعی
Perhaps	پرہیپس	شاید	Probably	پروبیب لی	غالباً
Yes	یَس	ہاں	No	نو	نہیں
Indeed	اِن ڈیڈ	بے شک	Truly	ٹرولی	سچ مچ کا

7. ADVERBS OF REASON
سبب یا اثر ظاہر کرنے والے متعلق فعل

Therefore	دے اَر فور	اسی سبب سے	Wherefore	وھےاَر فور	جس لئے
Why	وہائی	کس سبب سے	Still	اِسٹِل	تاہم
Hence	ہینس	اسی سبب سے	Accordingly	ایکورڈنگلی	چنانچہ

مندرجہ بالا اقسام اور متعلقہ الفاظ یاد کرنے کے بعد مشق نمبر ۱ کے ایک ایک جملہ کو غور سے پڑھیں اور ایڈورب کے طریقۂ استعمال کو ذہن میں رکھتے ہوئے مختلف جملے بنائیں۔

EXERCISE No. 10 ★ مشق ۱۰

فقرے	معنے
1. He was eating a very sweet apple. ہِی وَاز اِیٹِنگ اِے وِیری سُوایٹ اَے پِل	۱- وہ ایک بہت ہی میٹھا سیب کھا رہا تھا۔
2. Jamal has been reading quite clearly. جَمال ہَیز بِین رِیڈِنگ کُوآیٹ کلِیرلِی	۲- جمال بالکل صاف پڑھتا رہا ہے۔
3. I have not seen your brother before. آئی ہیو نُوٹ سِین یُور بِرُودَرْ بی فورْ	۳- میں نے تمہارے بھائی کو پہلے نہیں دیکھا
4. He could not stand, he was so weak. ہی کُڈ نُوٹ اِسٹَینڈ ، ہی وُوز سو وِیک	۴- وہ اتنا کمزور تھا کہ کھڑا نہیں ہوسکا۔
5. I saw him a few minutes ago. آئی سَوْ ہِم اِے فیُو مِنِٹْس اَے گُو	۵- میں نے اسے تھوڑی ہی دیر پہلے دیکھا تھا۔
6. Your health is not worse than before. یور ہَیلتھ اِزْ نَاٹ وَرس دَینْ بی فور	۶- تمہاری صحت پہلے سے زیادہ خراب نہیں ہے
7. I wonder you never told me. آئی وَنڈَر یُو نِوَرْ ٹُولڈ مِی	۷- مجھے تعجب ہے تم نے کبھی مجھ سے نہیں کہا۔
8. The patient was no better yesterday دِی پَیشَنٹ وُوز نُو بِٹَر یَس ٹَرڈَے	۸- کل مریض کی حالت بہتر نہ تھی ۔
9. My elder brother is out in America. مائی اِیلڈَر بِرُودَر اِزْ آؤٹ اِنْ اَے میریکا	۹- میرا بڑا بھائی امریکہ میں ہے ۔
10. Once or twice we have read it. وَنس اَور ٹُوآئِس وِی ہیو رِیڈ اِٹ	۱۰- ہم اسے ایک یا دو مرتبہ پڑھ چکے ہیں ۔
11. Is your father in ? اِز یُور فَادَرْ اِن	۱۱- کیا تمہارے والد اندر ہیں ؟
12. She has been singing pretty well. شی ہَیز بِین سِنگِنگ پِریٹی وَیل .	۱۲- وہ کافی اچھا گاتی رہی ہے۔

Lesson No. 20 — سبق نمبر ۲۰

اسمِ جمع

COLLECTIVE NOUN

جان دار اور بے جان چیزوں کے مجموعے کے نام کو اسمِ جمع کہتے ہیں، یہ بظاہر واحد معلوم ہوتے ہیں لیکن معنوں کے اعتبار سے جمع ہوتے ہیں۔ اسمِ جمع کے ساتھ فعل کا استعمال کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل دو باتیں ذہن نشین کر لینی چاہیئں:۔

۱:۔ جس اسم جمع کو فقرے میں استعمال کیا جا رہا ہے وہ اگر مجموعہ سے مراد ہے تو فعل واحد آئے گا۔
The French army was defeated at Waterloo.

۲:۔ اگر گروہ یا مجموعے کے الگ الگ افراد یا جنس سے مراد ہے تو فعل جمع آئے گا۔
The jury found the accused guilty.

ذیل میں اسمِ جمع Collective Nouns دیئے جا رہے ہیں۔

الفاظ	تلفظ	معنے
A drove of cattle.	اِے ڈرووا اَوف کَیٹل	مویشیوں کا گلہ
A fleet of ships.	اِے فلیٹ اَوف شِپس	جہازوں کا بیڑہ
A flock of sheep.	اِے فلوک اَوف شیپ	بھیڑوں کا گلہ
A forest of trees.	اِے فورَیسٹ اَوف ٹریز	جنگل۔ بن
A gang of prisoners.	اِے گَینگ اَوف پرِزنَرس	قیدیوں کا گروہ
A garland of flowers	اِے گارلینڈ اَوف فلوورس	پھولوں کا ہار۔ گجرا
A heap of stones	اِے ہیپ اَوف اِسٹونس	پتھروں کا ڈھیر
A hive of bees	اِے ہائیو اَوف بیز	شہد کی مکھیوں کا چھتہ
A league of nations	اِے لیگ اَوف نیشنز	انجمنِ اقوام
A liabrary of books	اِے لائے بریری اَوف بُکس	کتب خانہ (عمارت)
A pair of shoes	اِے پیئر اَوف شوز	جوتوں کا جوڑا
A sheaf of corn	اِے شیف اَوف کورن	اناج کا گٹھا
A shoal of fish	اِے شول اَوف فِش	مچھلیوں کا غول
A team of horses	اِے ٹیم اَوف ہورسیس	گھوڑوں کا گروہ

الفاظ	تلفظ	معنے	الفاظ	تلفظ	معنے
Infantry	اِن فینٹری	پیادہ فوج	Nation	نے شَن	قوم
Public	پَبلک	عوام	Peasantry	پی زَنیٹری	دیہاتی لوگ
Mob	مُوب	اژدھام	Party	پارٹی	جماعت
Society	سُوسائٹی	انجمن	Legion	لِی جی اَن	جمِ غفیر

People کے معنی ہیں "لوگ"۔ اگر غور کریں تو بہت سے لوگ جب مختلف حیثیت سے مختلف موقعوں پر یکجا ہوتے ہیں تو ان کے گروہ کے نام بھی تبدیل ہوجاتے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

الفاظ	تلفظ	معنے	موقعہ
Audience	اُوڈِی اَنس	سامعین	جلسہ یا گانے کی محفل میں
Congregation	کونگریگیشَن	جماعت	مذہبی اجتماع میں .. .. ..
Crowd	کراوڈ	بھیڑ	سڑک یا بازار میں .. .. ..
Mob	مُوب	جمِ غفیر	جھگڑوں میں .. ..
Rabble	رَے بل	بھیڑ	بے ترتیب مجمع میں .. .. ..
Spectators	اِس پیکٹیٹرز	تماشائی	میچ وغیرہ میں .. ..

Lesson No. 21 سبق ۲۱

USES OF WILL & SHALL

غیر سوالیہ فقروں میں مستقبل کے معنی مفہوم ہوں تو متکلم کے ساتھ shall اور باقی صیغوں کے ساتھ will کا استعمال کرنا چاہیئے۔ I shall go. He will go. You will go.

(۲) اگر فاعل کا پختہ ارادہ یا ضِد ظاہر ہو تو تینوں صیغوں کے ساتھ will کا استعمال کریں۔

(۳) اگر مستقبل کے معنوں کے علاوہ دوسرے معنے مفہوم ہوں تو مخاطب اور غائب کے ساتھ shall لگایا جائے گا۔

سوالیہ فقروں میں اگر متکلم خود کوئی کام کرنے یا غائب سے کام کرانے میں مخاطب کی مرضی دریافت کرے تو shall سے ترجمہ کیا جاتا ہے (کیا وہ کھائے گا) Shall he eat?

(۲) اگر متکلم فاعل کی مرضی یا ارادہ معلوم کرے تو will سے ترجمہ کیا جاتا ہے۔ جیسے (کیا وہ دودھ پیئے گا)۔ (مرضی) Will he drink the milk ?

سوالیہ فقروں میں متکلم کے ساتھ ہرگز will کا استعمال نہیں کیا جاتا۔

EXERCISE No. 11 ★ مشق ۱۱

WILL & SHALL

فقرے	معنے
1. He will bring a toy for the baby. بے بی دی فور ٹوآئے اے برنگ ول ہی	۱۔ وہ بچے کے لئے ایک کھلونا لائے گا۔
2. I think that he will drink all the milk. مِلک دی اول ڈرنک ول ہی دیٹ تھنک آئی	۲۔ میرا خیال ہے کہ وہ تمام دودھ پیئے گا۔
3. I will read this book though you tell ٹیل یو دوھ بک دس ریڈ ول آئی me not to read it. اِٹ ریڈ ٹو نوٹ می	۳۔ میں اس کتاب کو (ضرور) پڑھوں گا اگرچہ تم اس کے پڑھنے سے منع کرتے ہو۔
4. Shall I see your brother this evening? ایوننگ دس برودر یور سی آئی شیل	۴۔ کیا آج شام کو میں تمہارے بھائی سے مل سکتا ہوں
5. He shall not return my bag till you یو ٹل بیگ مائی ریٹرن نوٹ شیل ہی ask him to do so. سو ڈو ٹو ہم آسک	۵۔ جب تک تم اس سے نہیں کہو گے وہ میرا تھیلا واپس نہیں کرے گا۔
6. Will you buy the English Guide گائیڈ انگلش دی بائی یو ول for one rupee? روپی ون فور	۶۔ کیا تم رہبر انگلش ایک روپے میں خریدو گے؟
7. He will not beat your brother again. اگین برودر یور بیٹ نوٹ ول ہی	۷۔ وہ تمہارے بھائی کو دوبارہ نہیں ماریگا۔
8. You shall have to buy a copy of اوف کوپی اے بائی ٹو ہیو شیل یو the "ROSE PRIMER. دی روز پرائمر	۸۔ تم کو روز پرائمر کی ایک کاپی خریدنی پڑے گی۔

Lesson No. 22	USES OF "AND"	سبق ۲۲

"بیل، گائے اور بھیڑ دوڑے"۔ اس فقرے میں جس طرح آخری دو اسموں کے درمیان لفظ "اور" استعمال ہوا ہے، اسی طرح انگریزی میں سب سے آخری اسم سے پہلے ایک بار لفظ and آتا ہے۔ The ox, the cow and the sheep ran.
اور AND سے پہلے اسموں کے درمیان صرف کوما (,) استعمال کیا جاتا ہے۔

جب دو یا دو سے زیادہ فعل ایسے ہوں جن کا فاعل ایک ہو اور ان کے ساتھ لفظ and آرہا ہو تو فعل معاون صرف ایک فعل کے ساتھ آتا ہے باقی کے ساتھ ضروری نہیں مثلاً "وہ رو سکتا ہے، گا سکتا ہے اور ہنس سکتا ہے"۔ کا انگریزی ترجمہ یہ ہو گا۔

He can weep, sing and laugh.

فقرے میں جب مختلف Pronouns قریب قریب ہوں — تو اُن کی ترتیب یوں ہوتی ہے۔ (۱) مخاطب — تم یا تو (۲) غائب — وہ (۳) متکلم — میں یا ہم — اُردو میں خواہ ترتیب کچھ بھی ہو لیکن انگریزی میں اسی طرح آئے گا۔
میں، تم اور وہ ایک کتاب پڑھیں گے You, he and I will read a book.

Lesson No. 23	USES OF "OR"	سبق ۲۳

ایسے فقروں میں جیسے "میں یا تو دودھ پی سکتا ہوں یا روٹی کھا سکتا ہوں"۔ پہلے "یا" کا ترجمہ Either سے اور دوسرے "یا" کا Or سے کرنا چاہیئے، غور کرو:۔

I can either drink the milk or eat the bread.

اگر فقرے میں ایک سے زیادہ فاعل ہوں تو فعل جمع آئے گا اور کوشش کرنی چاہیئے کہ جمع فعل کے ساتھ جمع فاعل آجائے۔ (بشرطیکہ جملہ میں ایسا فاعل ہو) مثلاً۔
"یا تو کتاب تم پڑھ رہے تھے یا وہ پڑھ رہا تھا"۔

Either he or you were reading the book.

He is singing or laughing. "وہ گا رہا ہے یا ہنس رہا ہے"۔

You may either read or write. "یا تو تم پڑھ سکتے ہو یا لکھ سکتے ہو"۔

Either you or they have laughed. "یا تو تم ہنس چکے ہو یا وہ"۔

EXERCISE No. 12 ★ مشق ۱۲

★ AND & OR ★

معنے — فقرے

1. I gave him a spoon, a saucer and a tray.

۱:۔ میں نے اسے ایک چمچہ، ایک طشتری اور ایک ٹرے دی۔

2. Your nibs, slate and ink-stand are all bad.

۲:۔ تمہاری نبیں، سلیٹ اور قلمدان سب خراب ہیں۔

3. Put the lock on the chair or on the table or on the box.

۳:۔ تالے کو کرسی پر، میز پر یا صندوق پر رکھ دو۔

4. Either her jug or her mug has been broken.

۴:۔ اُس کا جگ یا اُس کی صراحی ٹوٹ گئی ہے۔

5. You, he and I will jump over the wall.

۵:۔ میں، تم اور وہ دیوار پر سے کودیں گے۔

6. Was there a leopard, a wolf or a bear in the zoo?

۶:۔ کیا چڑیا گھر میں ایک چیتا یا ایک بھیڑیا یا ایک ریچھ تھا؟

7. He and I will bring and eat the grapes on Friday.

۷:۔ میں اور وہ جمعہ کو انگور لائیں گے اور کھائیں گے۔

8. I asked him for a turban, a shirt and an apron.

۸:۔ میں نے اُس سے ایک پگڑی، ایک قمیص اور ایک تہبند مانگی۔

9. Neither I nor they caught the dog.

۹:۔ نہ انھوں نے اور نہ ہی میں نے کتے کو پکڑا۔

EXERCISE No. 13 ★ مشق ۱۳

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو غور سے پڑھیں اور ان کے مطابق دوسرے جملے بنا بنا کر خوب مشق کریں:

فقرے	معنے

1. Do you know how to sing ? ۱۔کیا تم کو گانا آتا ہے ؟
2. He seems to have been playing. ۲۔معلوم ہوتا ہے کہ وہ کھیلتا رہا ہے
3. I am going to read the letter. ۳۔میں خط پڑھنے والا ہوں۔
4. He came that he should sing. ۴۔وہ گانے کے لئے آیا۔
5. I have been living in Karachi for ten years.
   ۵۔مجھے کراچی میں رہتے ہوئے دس برس ہو گئے۔
6. It is easy for me to jump over the wall.
   ۶۔دیوار پر سے چھلانگ مارنا میرے لئے آسان ہے۔
7. It is now two years that I was in Nawabshah.
   ۷۔مجھے نواب شاہ سے آئے ہوئے دو سال گزر گئے۔
8. It was your servant, who drank the milk.
   ۸۔جس نے دودھ پیا وہ تمہارا ملازم ہی تو تھا۔
9. It is wrong of him to beat the boy.
   ۹۔یہ اُس کی غلطی ہے جو اس نے لڑکے کو مارا۔
10. Did you see my brother sitting by the teacher?
    ۱۰۔کیا تم نے میرے بھائی کو اُستاد کے پاس بیٹھے ہوئے دیکھا تھا؟
11. Have you not told me to go by myself ?
    ۱۱۔کیا تم نے مجھ سے اکیلے جانے کو نہیں کہا تھا؟
12. You have to read the letter. ۱۲۔تمہیں خط پڑھنا ہے۔
13. I am very glad to see you. ۱۳۔تمہارے ملنے سے میں بہت خوش ہوں۔
14. You may go to see your son. ۱۴۔تم اپنے لڑکے سے ملنے جا سکتے ہو۔
15. Will you send me a pen ? ۱۵۔کیا تم مجھے ایک قلم بھیجو گے؟

EXERCISE No. 14 ★ مشق ۱۴

مشق ۱۳ کی طرح اِس مشق میں بھی مفید اور کار آمد جملے دیئے گئے ہیں اِنھیں پڑھ کر سمجھنے اور ایسے ہی مختلف جملے بنانے چاہئیں تاکہ ترجمہ خوبصورتی سے کیا جا سکے۔

فقرے	معنے

1. Have you ever seen the diamond? ۱۔ کیا تم نے کبھی ہیرا دیکھا ہے؟
2. Which way leads to Clifton? ۲۔ کلفٹن کا کون سا راستہ ہے؟
3. I had given him the quail eight months ago
۳۔ آٹھ ماہ ہوئے کہ میں نے اُسے بٹیر دیا تھا۔
4. What is the matter with your friend, Zarif?
۴۔ تمہارے دوست ظریف کو کیا ہوا؟
5. He is not too rich to buy a bungalow or a car.
۵۔ وہ اِتنا مالدار نہیں ہے کہ ایک بنگلہ یا ایک کار خرید سکے۔
6. He is too weak to travel by the train.
۶۔ وہ اتنا کمزور ہے کہ گاڑی سے سفر نہیں کر سکتا۔
7. It will be better for you to go home.
۷۔ تمہارے لئے بہتر ہے کہ گھر جاؤ۔
8. My teacher asked me to learn my lesson.
۸۔ میرے اُستاد نے مجھ سے اپنا سبق یاد کرنے کے لئے کہا۔
9. Let us see which of you can run fast.
۹۔ دیکھیں تم میں سب سے تیز کون دوڑ سکتا ہے۔
10. It will take him two weeks to paint the wall.
۱۰۔ دیوار کو رنگنے میں اُسے دو ہفتے لگیں گے۔
11. You will get the maps by the third of the next month, ۱۱۔ تمہیں نقشے اگلے مہینے کی تین تاریخ تک مِل جائیں گے۔
12. What is the price of this watch? ۱۲۔ اِس گھڑی کی کیا قیمت ہے؟
13. Let me know his name. ۱۳۔ مجھے اس کا نام بتاؤ۔

CHAPTER IV باب چہارم
ضربُ الامثال اور کہاوتیں

ENGLISH PROVERBS & MAXIMS

1. What is the use of crying over spilt milk.
۱۔ اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت۔
2. All covet all lose. ۲۔ آدھی کو چھوڑ ساری کو جاوے، ایسا ڈوبے تھاہ نہ پاوے
3. We are between two fires. ۳۔ آگے کنواں پیچھے کھائی۔
4. One post to a hundred candidates. ۴۔ ایک انار سو بیمار۔
5. One stinking fish spoils the whole tank.
۵۔ ایک مچھلی سارے جَل کو گندہ کرتی ہے۔
6. One flower makes no garland. ۶۔ اکیلی لکڑی کیا آنچ دے۔
7. Wrong at the very begining. ۷۔ بسم اللہ ہی غلط۔
8. Pierced is pearl, unpierced is stone.
۸۔ بندھ گیا سو موتی، رہ گیا سو پتھر۔
9. Many a little makes a mickle. ۹۔ بوند بوند کر کے تالاب بھر جاتا ہے۔
10. Better be alone than evil company. ۱۰۔ بُری صحبت سے تنہائی بھلی۔
11. Hungry dogs will eat dry pudding. ۱۱۔ بھوکا مرتا کیا نہ کرتا۔
12. Something is better than nothing. ۱۲۔ بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی
13. When all men say that you are an ass, it is time to bray. ۱۳۔ پنچ کہیں بلّی، تو بلّی ہی سہی۔
14. The body at ease, the mind at ease. ۱۴۔ تن سکھی تو من سکھی۔
15. There is no rose without a thorn. ۱۵۔ جہاں پھول وہاں کانٹا۔
16. While there is life, there is hope. ۱۶۔ جب تک سانس تب تک آس
17. Barking dogs seldom bite. ۱۷۔ جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں۔
18. Penny wise pound foolish. ۱۸۔ جاٹ گنّا نہ دے بھیلی دے۔

19. A quilty conscience need no accuser. ۱۹۔ چور کی داڑھی میں تنکا۔
20. Small wit great boast. ۲۰۔ چھوٹا منہ بڑی بات۔
21. Nearer the church farther from God. ۲۱۔ چراغ تلے اندھیرا
22. To build castles in the air. ۲۲۔ خیالی پلاؤ پکانا۔
23. There is something at the bottom. ۲۳۔ دال میں کچھ کالا ہے۔
24. Honesty is the best policy. ۲۴۔ ایمان ہے تو سب کچھ ہے۔
25. To make mountain of a mole hill. ۲۵۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔
26. Slow and steady wins the race. ۲۶۔ سہج پکے سو میٹھا ہو۔
27. Spend and God will send. ۲۷۔ شکر خورے کو خدا شکر دیتا ہے۔
28. It is never too late to mend. ۲۸۔ صبح کا بھولا شام کو گھر آئے تو بھولا نہ کہلائے۔
29. Necessity is the mother of invention. ۲۹۔ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔
30. All that glitters is not gold. ۳۰۔ ظاہری صورت پر نہ جاؤ۔
31. Knowledge is power. ۳۱۔ علم بڑی چیز ہے۔
32. Pride has a fall. ۳۲۔ غرور کا سر نیچا۔
33. Contentment is a blessing. ۳۳۔ قناعت بڑی چیز ہے۔
34. A mountain in labour and mouse the result.
۳۴۔ کھودا پہاڑ، نکلا چوہا۔
35. To throw pearls before swine. ۳۵۔ گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
36. Death keeps no calendar. ۳۶۔ موت کا کوئی اعتبار نہیں۔
37. Blood is thicker than water. ۳۷۔ ناخنوں سے گوشت جدا نہیں ہوتا
38. Jack of all trades. ۳۸۔ ہر فن مولا۔
39. Honey is not for ass's mouth. ۳۹۔ یہ منہ اور مسور کی دال۔

40. A black hen lays white eggs. ۴۰۔ شیطان کے گھر فرشتہ ۔

41. A constant guest is never welcome.

۴۱ ۔ قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا ۔

42. Watched pot never boils. ۴۲ ۔ زیادہ فکر سے کام بگڑتا ہے ۔

43. A beggar dances before a thief.

۴۳ ۔ ننگا کھڑا اجاڑ میں ، ہے کوئی کپڑے لے اُتار ۔

44. Sleep is the twin brother of death. ۴۴۔ سویا اور مرا سب برابر۔

45. Small cost and great show. ۴۵ ۔ کم خرچ بالا نشین

46. Misfortune never comes alone. ۴۶۔ سنگ آمد سخت آمد

47. Chips of the same block. ۴۷۔ سب ایک تھیلی کے بٹے ہیں ۔

48. What connection is there between earth and heaven. ۴۸ ۔ چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک ۔

49. Forced labour is better than idleness.

۴۹ ۔ خالی سے بیگار بھلی

50. Even a worm will turn at last. ۵۰ بے پر چیونٹی بھی چوٹ کرتی ہے

51. To hunt with the hound and run with the hare.

۵۱ ۔ چور سے کہے چوری کر اور شاہ سے کہے تیرا گھر لٹا ۔

52. Small mouth big words. ۵۲ ۔ چھوٹا منہ بڑی بات

53. Answer the ignorant with silence ۵۳ ۔ جوابِ جاہلاں باشد خموشی

54, Fast run, fast lose. ۵۴ ۔ آگے دوڑ ، پیچھے چھوڑ

55. Eat first and talk afterwards. ۵۵ ۔ اوّل طعام بعدہٗ کلام

56. All are slow to give. ۵۶ ۔ پرائی تھیلی کا منہ سکڑا

57. To lock the stable door when the horse is stolen.

۵۷ ۔ چوری پیچھے تالا دینا ۔

58. Every thing is good in it's season.

۵۸۔ ہر چیز اپنی فصل میں ہی اچھی لگتی ہے۔

59. Fortune knocks once at least at every man's gate.

۵۹۔ ایک دفعہ سب کے دِن پھرتے ہیں۔

60. Do not close a letter without reading it, nor drink water without seeing it.

۶۰۔ خط بھیجے جانچ کے، پانی پیوے چھان کے۔

61. The blind should not run. ۶۱۔ اندھے کو دوڑنا کیا ضرور۔

62. Bad news travels fast. ۶۲۔ بُری خبر جلد پھیلتی ہے۔

63. A man's house is his fort. ۶۳۔ اپنا گھر قلعہ۔

64. A tree is known by it's fruits. ۶۴۔ درخت کا حال پھل سے معلوم ہوتا ہے

65. A new broom sweeps clean. ۶۵۔ نیا نوکر مارے ہرن۔

66. A figure among ciphers. ۶۶۔ اندھوں میں کانا سردار۔

67. A little knowledge is dangerous thing.

۶۷۔ نیم حکیم خطرۂ جان، نیم ملّا خطرۂ ایمان۔

68. Fools give feasts and wise man eat.

۶۸۔ پھوہڑ کا مال ہنس ہنس کھائے۔

69. I stout, thou stout, who shall carry the dirt out.

۶۹۔ میں بھی رانی، تو بھی رانی کون بھرے گا پانی۔

